AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 15-10-2026

Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز:

✓ ۱۔۔۔۔وزیر اعظم کا لداخ میں 3 ہزار 350 کروڑ روپے لاگت والے پانچ بڑے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح // کہا لداخ کی ترقی، مرکزی سرکار کی اعلیٰ ترین ترجیحات میں شامل۔

✓ ۲۔۔۔۔جشن ڈل **2026** کی کامیاب تکمیل پر لیفٹننٹ گورنر کی جموں کشمیر پولیس کی سراہنا // اتھلیٹوں سے لامحدود خواب سجانے کی تلقین۔

✓ ۳۔۔۔۔وزیر اعلیٰ نے تعمیر و ترقی کے عمل کو سرعت کے ساتھ آگے بڑھانے پر دیا زور // گاندربل میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں شروعات۔

اور

✓ ۴۔۔۔۔سرینگر کے عید گاہ سے تعلق رکھنے والے معروف قالین باف رفیق احمد صوفی **2025** کے قومی ایوارڈ سے سرفراز۔

اب پیش ہے خبروں کی تفصیل

PM

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ لداخ کی ترقی مرکزی سرکار کی اعلیٰ ترین ترجیحات میں شامل ہے۔آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے لداخ میں تقریباً 3 ہزار 350 کروڑ روپے کے پانچ بڑے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کرنے اور انہیں قوم کے نام وقف کرنے کے موقعے پر وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی سرکار لداخ میں جدید ترین بنیادی ڈھانچے کی تعمیر و ترقی کے چلتے اس خطے کے ماحولیات کا تحفظ بھی یقینی بنا رہی ہے۔

آج آغاز کئے گئے ان منصوبوں میں لیہہ ایئرپورٹ کی نئی مسافر ٹرمنل عمارت، نیمو پدم درچہ سڑک، ہانو پن بجلی پروجیکٹ اور بجلی کی ایک ترسیلی لائن شامل ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ان منصوبوں کی بدولت لداخ میں رابطے، بجلی کی فراہمی، ثقافتی ورثے کے تحفظ اور آبی وسائل مزید مستحکم بنیں گے۔

-------PM Ladakh-----

جشنِ ڈل

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جشن ڈل 2026 کی کامیاب تکمیل پر جموں کشمیر پولیس کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے شاباشی دی۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ کھیل کو دصرف انسانی صلاحیتوں کا جشن نہیں ہے بلکہ یہ اجتماعی امنگوں کا اظہار بھی ہے۔

ایتھلیٹوں کے جوش وجذبے اور جموں کشمیر پولیس کی کوششوں کی سراہنا کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ کھیل کو دصرف چمپئنز کو جنم نہیں دیتا بلکہ یہ نوجوانوں میں عزم، صبر اور ہمت پیدا کرتا ہے۔ منوج سنہا نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ منشیات سے پاک سماج کی تعمیر کیلئے بڑے خواب دیکھیں۔

----LG---------

واضح رہے کہ گزشتہ کئی روز سے 'جشن ڈل' موضوع سے قریب 20 زمروں کے آبی کھیلوں میں لگ بھگ 600 ایتھلیٹوں نے جوش وجذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ ان کھیلوں میں کیاکنگ، کینوئنگ، روئنگ اور روایتی شکارا دوڑ شامل تھے۔

وزیر اعلیٰ

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے تعمیر وترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے پروجیکٹوں کی رفتار میں سرعت لانے کی ہدایت دی ہے۔ آج وسطی کشمیر کے ضلع گاندربل میں 60 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ اُن کی سرکار پورے جموں وکشمیر میں ترقیاتی منصوبوں کو وقت رہتے مکمل کرنے کے عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

-------CM Gbl.-----

ہمارے نمائندے صابر ایوب نے خبر دی ہے کہ وزیر اعلیٰ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ٹنل بننے کے بعد سونہ مرگ چونکہ اب سال بھر سیاحوں کیلئے کھلا رہتا ہے اور اب اسے سرمائی کھیلوں کی ایک مقام کے طور پر پیش کرنے کیلئے بھی منصوبہ بنایا جائے گا۔

--CM Sonamarg----

عمر عبداللہ نے 70 ویں قومی اسکول کھیلوں کی افتتاحی تقریب میں بھی بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔

ماحولیات کمیٹی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی ماحولیات سے متعلق کمیٹی نے سرینگر میں آنچار جھیل اور اس کے ملحقہ علاقوں کا دورہ کرکے اس آبی ذخیرے کے تحفظ اور بحالی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔

رکن اسمبلی محمد یوسف تاریگامی کی سربراہی والی کمیٹی نے جھیل کے اطراف غیر قانونی تجاوزات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے لیکس کنزرویشن اینڈ مینیجمنٹ اتھارٹی اور دیگر متعلقہ حکام کو یہ تجاوزات ہٹانے اور جھیل کی زمین واپس حاصل کرنے کیلئے قانون کے مطابق فوری کاروائی کرنے کی ہدایت دی۔

فلم فیسٹول

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے شعبہ صحافت کی جانب سے آج **2026** کا قومی سطح کا ایک فلم فیسٹول منعقد کیا گیا۔

اس فیسٹول میں مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے فلم سازوں اور طالب علموں نے حصہ لیا۔ ملک کی مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے سکول، کالج اور یونیورسٹی طالب علموں کی **22** مختصر اور دستاویزی فلمیں مقابلے کیلئے شارٹ لسٹ کی گئی تھی۔

اسلامک یونیورسٹی کے طالب علم عفنان منظور کی فلم **"Deception"** نے بہترین فلم کا اعزاز حاصل کیا، جبکہ امر سنگھ کالج سرینگر کی تیار کردہ فلم **"Compulsion"** نے دوسرا بہترین اعزاز اور سینٹرل یونیورسٹی آف ہریانہ کی فلم 'بندیا' نے تیسرا بہترین ایوارڈ حاصل کیا۔

اس موقعہ پر ادارے کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے طالب علموں کی تخلیقی صلاحیتوں کو سامنے لانے کیلئے فلم سازی کی اہمیت اجاگر کی۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

GONG

ایوارڈ

سرینگر کے عیدگاہ علاقے سے تعلق رکھنے والے ایک ماہر قالین باف رفیق احمد صوفی کو ہاتھ سے بُنے ہوئے قالین کے زمرے میں سال **2025** کے قومی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ مرکزی سرکاری کی ٹیکسٹائلز کی وزارت کی جانب سے لیا گیا ہے۔ رفیق احمد اس زمرے میں جموں و کشمیر سے واحد ایوارڈ یافتہ دستکار بن گئے ہیں۔

محکمہ ہینڈی کرافٹس اور ہینڈ لوم کشمیر نے اس کامیابی پر رفیق احمد صوفی کو مبارکبادی پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اُن کا یہ اعزاز کشمیر کی روایتی قالین بافی کے فن اور ہنرمندی کا اعتراف ہے۔

ایوارڈ حاصل کرنے پر رفیق احمد صوفی نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا

------**R.Sofi**----------

جن سیوا

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے **25** برس مکمل کئے ہیں ۔اُن کے ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے ان کے جذبے سے واضح ہو جاتی ہے ۔
اس سلسلے میں ہماری خصوصی سیریز کے تحت سماعت کریں ’’ڈیجیٹل شفافیت کے ساتھ عوامی خریداری کے **GeM** نظام سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ ۔

.......Report.........

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا کے ممبر چودھری محمد رمضان نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی موجودہ حکومت کے دو سال عوامی راحت، تعمیر و ترقی اور خوشحالی پر مبنی ہیں ۔
ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ محدود اختیارات اور رکاوٹوں کے باوجود ان کی سرکار نے اس قلیل مدت کے دوران ہر شعبے میں قابل قدر کام کیا ہے ۔

خراج

قوم آج سابق صدر جمہوریہ اور بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو ان کے جنم دن کے موقعے پر خراج عقیدت ادا کر رہی ہے ۔وہ آج ہی کے دن **1931** میں رامیسورم تامل ناڈو میں پیدا ہوئے تھے ۔
انہوں نے **DRDO** اور **ISRO** میں سائنسداں اور سائنس ایڈمنسٹریٹر کے طور پر بے مثال کام انجام دیا اور انہیں میزائل مین آف انڈیا کے نام سے بھی جانا جاتا تھا ۔
وزیر داخلہ امت شاہ نے ڈاکٹر کلام کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ سابقہ صدر موصوف کی منفرد سائنسی ذہانت سے بھارت ایک اہم طاقت بن گیا اور انہوں نے ملک کے صدر کی حیثیت سے بھی ہمیشہ جمہوریت کے اعلیٰ اقدار کی پاسداری کی ۔

ایل جی خراج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سابق صدر جمہوریہ، بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے یومِ پیدائش پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے ۔
ایک پیغام میں ایل جی نے کہا ہے کہ ڈاکٹر عبدالکلام ایک دوراندیش سائنس دان، بااثر استاد اور عوام کے محبوب صدر تھے، جنہوں نے اپنی زندگی نوجوان اذہان کو روشن کرنے اور ایک مضبوط و خود کفیل بھارت کی تعمیر کیلئے وقف کر دی تھی ۔

عالمی دن

آج دیہی خواتین کا عالمی دن ہے۔اس دن کا مقصد دیہی خواتین کی خدمات کو اجاگر کرنے اور انہیں درپیش مسائل کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

دیہی خواتین زراعت، مویشی پالن اور دیہی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔اس سلسلے میں سیمیناروں اور کانفرنسوں کا اہتمام کیا گیا، جن میں خواتین کو بااختیار بنانے، تعلیم، صحت اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر زور دیا گیا۔

ادھر کرشی وگیان کیندر اننت ناگ اور سکاسٹ کشمیر کے باہمی اشتراک سے آج مہیلا کسان دِوس منایا گیا جس دوران زراعت، باغبانی، مال مویشی اور دیگر دیہی روزگار کے شعبوں میں خواتین فارمروں کا اہم رول اجاگر کیا گیا۔

پروگرام کے دوران خواتین کو علم و آگاہی، تیکنیکی مظاہروں اور بہترین زرعی عملیات سے روشناس کرا کے انہیں بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز رہی۔

ادبی تقریب

ادبی انجمن جوئے ادب کاج ناگ ہندوارہ کے زیر اہتمام گرلز ہائر سکینڈری سکول ہندوارہ میں **18** اکتوبر کو منعقد ہونے والی ادبی تقریب مؤخر کی گئی ہے۔

یہ تقریب اب یکم نومبر کو منعقد ہوگی۔

دیہی ترقی

دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری رمیش کمار نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ زیرِ التوا کاموں جلد مکمل کیا جائے تاکہ رقومات کا مؤثر اور بروقت استعمال یقینی بنایا جاسکے اور ترقیاتی کاموں کی زمینی سطح پر نگرانی اور جوابدہی کو مزید مضبوط بنایا جائے۔

وہ یوٹی میں دیہی ترقی کے شعبے میں جاری منصوبوں کی عمل آوری کا تفصیلی جائزہ لے رہے تھے۔میٹنگ میں روزگار، رہائشی مکانات، صفائی ستھرائی، خواتین کی خود امدادی تنظیموں اور نوجوانوں کی ہنرمندی سے متعلق اسکیموں کی پیش رفت پر بھی غور کیا گیا۔حکام نے بتایا کہ پرھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت **3** لاکھ **27** ہزار سے زائد مکانات مکمل کیے جا چکے ہیں، جبکہ **3** لاکھ **21** ہزار افراد کو **59** لاکھ **19** ہزار ایام کا روزگار فراہم کیا گیا ہے۔

گالف کورس

محکمہ سیاحت کی سیکریٹری اوَنی لاوا سا نے آج رائل اسپرنگس گالف کورس سرینگر کا دورہ کر کے وہاں دستیاب سہولیات، بنیادی ڈھانچے کی دیکھ ریکھ اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے گالف کورس اور کلب ہاؤس کا معائنہ کرتے

ہوئے اراکین اور سیاحوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔
انہوں نے افسران پر زور دیا کہ دیکھ ریکھ، انتظامی کارکردگی اور خدمات کے معیار کو بہتر بنائیں۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے گالف کورس کی بہتری، نئے اراکین کی شمولیت اور بورڈ آف گورنرز کے فیصلوں پر عمل درآمد سے متعلق اقدامات کی جانکاری بھی فراہم کی۔ دورے کے دوران سیکریٹری گالف کورس حارث احمد ہنڈو اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور، بالاکوٹ فضائی حملہ اور سرجیکل سٹرائیکس دہشت گردی کے خاتمے کیلئے بھارت کی فعال کارروائیوں کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔
نئی دلی میں قومی دفاعی کنکلیو **2026** سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت امن کا خواہاں ہیں لیکن اسے کمزوری نہیں سمجھا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ پاکستان سے ہونے والے کسی بھی دہشت گردانہ کارروائی پہلے سے زیادہ سخت جواب دیا جائے گا۔

-----**Rajnath**---------

راجناتھ سنگھ نے جدید ہتھیاروں، مصنوعی ذہانت اور کم لاگت والی دفاعی ٹیکنالوجی کے امتزاج پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بھارت میں گذشتہ **13** برس کے عرصے کے دوران دفاعی برآمدات **686** کروڑ روپے سے بڑھکر اب **38** ہزار کروڑ تک بڑھ گئی ہے۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ ہندو مذہب چھوڑ کر اسلام یا کسی دوسرے مذہب کو اختیار کرنے والے افراد محض اپنی سابقہ ذات کی بنیاد پر ریزرویشن کے فوائد حاصل نہیں کر سکتے۔
جسٹس پرشانت کمار مشرا اور شری چندرا شیکھر پر مشتمل عدالت عظمیٰ کی ایک بینچ نے اس بارے میں تامل ناڈو حکومت کی عرضی مسترد کرتے ہوئے مدراس ہائی کورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھا۔ عدالت کے مطابق ریزرویشن کے فوائد حاصل کرنے کے لیے قانونی شرائط پورا کرنا ضروری ہیں۔

میڈیا

بھارت میں میڈیا اور تفریحی شعبے نے سال 2025 میں 9 فیصد ترقی درج کی ہے، جس کے بعد اس شعبے کا کاروبار دو لاکھ 78 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گیا ہے۔

اس بات کی جانکاری اطلاعات ونشریات کی وزارت کے سیکریٹری چندر کمار نے ممبئی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی ثقافتی رنگارنگی، کہانیاں اور نوجوانوں کی صلاحیتیں اس شعبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **17.4** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **7** عشاریہ **3** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **28** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **15** اعشاریہ **2** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **36** منٹ اور غروب آفتاب شام **5** بجکر **56** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ ایک وقفے کے بعد سماعت کریں تبصرہ

خدا حافظ۔